# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date : 01 August 2026**

**Time : 12:30 PM**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں عمر مختار

ایل جی فوج

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ گزشتہ 6 برسوں کے دوران جموں وکشمیر میں ہورہی مثبت تبدیلی عوامی اعتماد کی بحالی اور شہریوں کو اپنی پسند کی زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرنے کا نتیجہ ہے۔ وہ کل لوک بھون میں آرمی وار کالج مہو کے ہائر کمانڈ کورس 55 میں شرکت کرنے والے افسران اور فیکلٹی ممبران سے خطاب کرر ہے تھے۔ ایل جی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ماحولیاتی نظام اور جموں کشمیر میں دہشت گردی کو زندہ رکھنے کے لیے کام کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی گئی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ فوج کو غیر روایتی جنگ کے چلینجوں سے نمٹنے کے لئے بھی تیار رہنا چاہے۔

ایل جی مذمت

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کولگام میں دہشت گردوں کے حملے میں غیر مقامی مزدوروں کی ہلاکت کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ حرکت قرار دیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ انہوں نے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلین پربھات اور دیگر اعلیٰ سیکورٹی حکام سے بات کر کے انہیں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے اور قصورواروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے متاثرہ کنبے کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ واضح رہے کل شام ہوئے اس حملے میں زخمی مزدور آج صبح ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا۔

سی ایم تعزیت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی کولگام میں مزدوروں کی ہلاکت کی شدید مذمت کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے لواحقین کیلئے وزیر اعلیٰ امدادی فنڈ سے 10 لاکھ روپے فی کس ایکسگریشیا ریلیف کا اعلان کیا ہے۔ یہ رقم ضلع انتظامیہ کی جانب سے فراہم کئے جانے والے فی کس 6 لاکھ روپے کی فوری امداد کے علاوہ ہوگی۔سوشل میڈیا پوسٹ ایکس پر وزیر اعلیٰ نے سوگوار کنبوں کو یقین دلایا کہ مشکل کی اس گھڑی میں حکومت ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

پی ایم کسان

مرکزی کابینہ نے پردھان منتری کسان سمان ندھی سکیم کو مالی سال **2030-31** تک توسیع دینے کو منظوری دی ہے۔ پانچ برسوں کے دوران سکیم کی عمل آوری کیلئے **3** عشاریہ ایک پانچ لاکھ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

چیف سکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے eUNNAT پورٹل پر 162 نئی آن لائن عوامی خدمات کا آغاز کیا، جس کے بعد پورٹل پر دستیاب سرکاری خدمات کی مجموعی تعداد 1710 ہوگئی ہے۔ سری نگر میں ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے تمام محکموں کو NeSDA معیارات پر عمل درآمد، غیر ضروری سرکاری ضابطوں اور غیر موثر خدمات کے خاتمے، نیز عوامی سہولت کے لیے زیادہ استعمال ہونے والی خدمات کو واٹس ایپ اور سنگل سائن آن پلیٹ فارم سے مربوط کرنے کی ہدایت دی۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ جموں و کشمیر قومی ای – گورننس سروس ڈلیوری اسیسمنٹ میں ملک بھر میں تیسرے مقام پر پہنچ گیا ہے۔

شاہرا/ یاترا

سرینگر۔ جموں قومی شاہراہ مرمتی کام کے پیش نظر آج بھی ٹریفک کیلئے بند ہے۔ ادھر سالانہ امرناتھ یاترا کا کوئی نیا قافلہ آج جموں سے وادی کی طرف روانہ نہیں ہوا ہے۔ تاہم بال تل سے یاترا حسب معمول جاری ہے۔ آج مزید **5** ہزار **32** یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

بلڈنگ پرمشن

ایک اہم پیش رفت کے تحت حکومت جموں کشمیر نے بلڈنگ پرمشن کیلئے یکساں فیس نظام متعارف کیا ہے۔ ایک سرکاری حکمنامے کے مطابق فیس کا یہ نیا نظام یوٹی بھر میں تمام میونسپل کارپوریشنوں، میونسپل کونسلوں، میونسپل کمیٹیوں اور ڈیولپمنٹ اتھارٹیز کے حدود میں آنے والے علاقوں کیلئے لاگو ہوگا۔ نئے نظام کے تحت سبھی علاقوں میں تعمیراتی ڈھانچوں کیلئے اجازت ناموں کی حصولیابی کا عمل بھی اب یکساں ہوگا۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے سینٹرل کوآپریٹو بنک لنگیٹ شاخ سے تقریباً **3** کروڑ **11** لاکھ روپے

کے مبینہ خرد برد کے سلسلے میں دو ملزموں کے خلاف عدالت میں چارج شیٹ داخل کی ہے۔ یہ مقدمہ چیف جوڈیشل مجسٹریٹ ہندوارہ کی عدالت میں زیر سماعت ہے۔

فلم فیسٹول

جموں وکشمیر میں 7 سے 10 ستمبر تک سرینگر میں منعقد ہونے والے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹیول IFFJK میں شرکت اور فلموں کے اندراج کیلئے آج آخری دن ہے فلمیں رات 12 بجے تک داخل کی جا سکتی ہے۔ میلے کیلئے اب تک 50 ممالک سے 9 سو سے زیادہ فلمیں موصول ہو چکی ہیں۔

لیبر کمشنر

لیبر کمشنر چرن دیپ سنگھ نے تمام شعبہ جات کے سربراہان پر زور دیا ہے کہ وہ سوشل سیکورٹی سکیموں کے مطلوبہ فوائد نچلی سطح تک پہنچانے کے لئے محکمہ لیبر کے ساتھ قریبی تال میل کے ساتھ کام کریں۔ وہ گاندربل میں پردھان منتری شرم یوگی مندھن' (PM-SYM) اسکیم اور لیبر کوڈز کے نفاذ کی عملی آوری کے حوالے سے ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا بلٹن ختم ہوا

خدا حافظ

---------------------------------------